محترمہ نے مختصر انداز میں اچھی کوشش کی ہے اگر مکمل حوالے لکھے جاتے تو کتاب زیادہ مدلل اور مفید ہوتی امید ہے اگلی طباعت سے قبل توجہ فرمائیں گی۔

کتاب کا نام : Learn Mentoring

مصنف : محمد اقبال

ناشر : My Open University

P.O Box 11157 Karachi 2007

قیمت وصفحات : قیمت درج نہیں 240 صفحات

محمد اقبال صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں قارئین اس سے قبل موصوف کے انگریزی مقالات مطالعہ کر چکے ہیں موصوف اعلیٰ منصب پر فائز آفیسر اور منتظم ہیں۔ علم اور تجربہ دونوں آپ کی شخصیت میں یکجا ہے۔ انسان میں لیڈرشپ کی صلاحیتیں اجاگر کرنے کیلئے یہ انتہائی مفید کوشش ہے اسی طرح منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد کے سلسلہ میں اس کتاب سے مکمل رہنمائی حاصل ہوتی ہے ضرورت ہے اداروں کے افسران کالجز کے پرنسپلز کو ٹریننگ کیلئے یہ کتاب مطالعہ کرائی جائے۔ روزنامہ جناح نے بھی تبصرہ کیا ہے کہ یہ کتاب نوجوانوں کیلئے بہترین رہنما ثابت ہوسکتی مصنف کی طرح کتاب حسن صورت وسیرت کا شاہکار ہے

نام مجلّہ : سہ ماہی ندای اسلام (فارسی)

مدیر : (مولانا) محمد قاسم بنی کمال

ناشر : حوزہ علمیہ دارالعلوم زاہدان ایران

ایران کے صوبہ زاہدان میں علماء اہلسنت نے علوم اسلامیہ کی نشر واشاعت کیلئے ایک عظیم دارالعلوم قائم کیا ہے جو غیر فرقہ وارانہ انداز میں اسلام کی عظیم خدمت انجام دے رہا ہے اور علماء حقہ کا ترجمان ہے۔ اس ادارہ نے ندای اسلام کے نام سے ایک مجلّہ فارسی میں جاری کیا ہے جس کے ۳۲ شمارے اب تک شائع ہو چکے ہیں مجلّہ اسلامی علوم پر جدید تحقیقات اور ان کے تراجم پر مشتمل ہوتا ہے۔

مجلّہ کی طباعت، اشاعت، ترتیب، حسن کا شاہکار ہے اور ایرانی تہذیب وثقافت کا ترجمان ہے۔